میں نے اللہ کے نبی ﷺ کو کبھی اس طرح قہقہہ مار کر ہنستے ہوئے نہیں دیکھا کہ میں آپ کے گلے کے کوے کو دیکھ سکوں آپ تو بس مسکرایا کرتے تھے

امّ المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں: میں نے اللہ کے نبی ﷺ کو کبھی اس طرح قہقہہ مار کر ہنستے ہوئے نہیں دیکھا کہ میں آپ کے گلے کے کوے کو دیکھ سکوں آپ تو بس مسکرایا کرتے تھے

[صحیح] [متفق علیه]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ خبر دی کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم اس طرح کھلکھلاکر نہیں ہنستے تھے کہ کوا دکھ جائے بس مسکرا دیا کرتے تھے کوا حلق کے اوپری حصے میں موجود گوشت کے ٹکڑے کو کہتے ہیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3060